نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے آم کی گدھیڑی کے تدارک کیلئے سفارشات جاری کر دیں

لاہور: **30 دسمبر 2024**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق آم کی گدھیڑی کے انڈوں سے بچے نکلنے کا عمل شروع ہو چکا ہے اس لئے انڈوں اوران سے نکلنے والے بچوں کی تلفی کے لئے آم کے پودوں کے گرد گوڈی کریں اور جڑی بوٹیاں تلف کریں۔ تنے کے گرد زمین کھود کر کلور پائیریفاس 40 ای سی (Chlorpyrifos) 10 ملی لٹر فی لٹر پانی میں ملا کر ڈالیں تاکہ بچے انڈوں سے نکلتے ہی زہر کے اثر سے مرجائیں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ باغبان آم کے پودوں کے تنوں پر زمین سے 2 تا 3 فٹ اوپر 1 فٹ چوڑا پلاسٹک شیٹ کا بند لگائیں اوراس کے درمیان 1 انچ اچھی کوالٹی کی گریس کا رکاوٹی بند لگائیں تاکہ گدھیڑی کے بچے اوپر نہ چڑھ سکیں۔ گدھیڑی کے بچے نمودار ہونے پر بند کے نیچے میلا تھیان 57 ای سی (Malathion) 5 ملی لٹر فی لٹر یا سپائروٹیٹرا میٹ (Spirotetramat) 1.5 ملی لٹر فی لٹر پانی میں ملا کر محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشودہ سے ہفتے میں دو بار سپرے کریں۔ سپرے کا عمل 15 جنوری تک یا حسب ضرورت جاری رکھیں اور ایک ہی زہر کا بار بار استعمال نہ کریں۔

☆☆☆☆